پیغامات و دعوات

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہ مفتی اعظم پاکستان کراچی

آپ کے ماہنامہ "الحق" کی بشارت سے بے انتہا خوشی ہوئی کیونکہ وقت کی ضرورت ہے اسطرح اگر اپنی جماعت کے چند ماہنامے ہی ہوجادیں تو کچھ تو آواز ملک میں پہنچے گی۔ اس کے لئے انشاءاللہ تعالیٰ اپنے ناچیز مضامین کا کوئی حصہ بھیجنے کا انشاءاللہ تعالیٰ انتظام کر دیں گا۔ الخ

حضرت مولانا ظفر احمد صاحب عثمانی مدظلہ شیخ الحدیث ٹنڈوالہ یار (سندھ)

ماہنامہ "الحق" کے ارادہ اشاعت سے بے انتہا مسرت ہوئی میں آجکل کراچی آیا ہوا ہوں۔ الحاد و تحریف اور تجدد کے خلاف علماء کو متحدہ مساعی سے مقابلہ کرنے کے لئے یہاں "مجلس دعوت و اصلاح" کا افتتاح ہورہا ہے۔ انشاءاللہ اس مجلس کی طرف سے جو ضروری مضامین شائع ہوں گے وہ آپ کے رسالہ کو بھیج دیئے جائیں گے۔

مولانا محمد اشرف ایم۔اے شعبہ عربی اسلامیہ کالج پشاور

آپ حضرات کا "الحق" کے نام سے مجلہ نکالنے کا ارادہ مبارک و قابل صد ستائش ہے ضرورت ہے کہ باطل کے مقابلہ میں اہل حق اپنی حق کی آواز کو پوری ہمت و حکمت، دلآویزی و دلنشینی کے ساتھ پیش کرتے رہیں ــــ فقیر اپنی گوناگوں مصروفیات اور کوتاہیوں و نابکاریوں کے باوجود خدمت سے انشاءاللہ گریز نہیں کرے گا۔ دعا فرمادیں کہ اللہ تعالیٰ اپنی خصوصی توفیقات سے قلم کو حق کے لئے پیہم رواں دواں فرما دے۔ اور اسے اپنے قرب و رضا اور دین کے احیاء کا ذریعہ بنا دے۔ آمین۔